مترا پروڈکشنز کا بہترین شاہکار

फागुन

پھاگن

اداکاران :-

مدھوبالا۔ بھارت بھوشن۔ جیون۔ ککو۔ نشی وغیرہ وغیرہ

قیمت ایک آنہ

ہند کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

گا بھاگن کیسے لے

نمبر ۱

تیرے چھپکے چلایا کس نے ۔ یہ میٹھا میٹھا جادو جگایا کس نے
کس نے یہ چھیڑی ہائے تان نئی ۔ ٹھہرو جی ٹھہرو میری جان گئی،
دھیرے دھیرے ہولے ہولے ۔ یہ نشہ پلایا کس نے
نیا نیا امبوا پہ بور آگیا ۔ مالی میرے باغ کا ضرور آگیا۔
انگ انگ بہار رنگ گئی یہ کھلایا کس نے ۔

نمبر ۲

پیا پیار نا لاگے مورا جیا ۔ آجا چوری چوری ۔
یہ بیاں گوری گوری ۔ تڑپ اٹھیں تیرے پیار کو
ایک بن کی کلی متوالی ۔ نگری میں آئی کھیلنے
جنگل کی موری آئی ہے ۔ باغوں کے مور سے ملنے
ملنے ہو ملنے ۔ مور سے ملنے ۔
اپنا بنالے سیاں ۔ ہو پیا جیا ۔ یہ بیاں گوری گوری
او بانکے نینوں والے ۔ او پردیسی متوالے
تو مری چھب بنالے ۔ ہونٹوں سے ہائے لگالے ۔
تُو مری بنالے ۔ ہونٹوں سے لگالے ۔ اپنا بنالے ۔ پیا پیار یہ بیاں گوری...

نمبر ۳

چھن چھن گھونگھرو بیری جان نشیلی ڈولے

من گنگنانے لگا سمجھانے لگا ۔ تو آج کیسی کی ہو لے ۔

جب سے تو دل میں سمانے لگا ۔ زندگی میں پیام ۔ ہ آنے لگا

جھرنا :۔ جب سے تو ..... زندگی میں .....

بنانی :۔ بدلی ہے چال ۔ کھل گئے گال ۔ آنکھوں میں سوال ۔ بکھرے ہیں بال

چھن چھن گھونگھرو بولے ....

یاد رہے پیار ہمارا سچا جی ۔ پھر کبھی آپ سے ملیں گے اچھا جی ۔

جھرنا :۔ یاد رہے ..... پھر کبھی ......

بنانی :۔ آپکے غلام ، دیتے ہیں سلام ۔ دیکھ لیا ناچ لاؤ جی انعام ۔

چھن چھن گھونگھرو بولے ....

نمبر ۴

بجن :۔ میں سویا انکھیاں میچے ۔ تیری زلفوں کے نیچے

دنیا کو بھول دیوانی ۔ اب رہا زمانہ پیچھے

یہ کون جیسے شرمایا ۔ تاروں کو پسینہ آیا

،، ہرن کی آنکھیں لیکر دل کون چرانے آیا ۔

بنانی :۔ میں سوئی انکھیاں میچے ۔ تیری باہوں کے نیچے

اب چاہے کہیں بھی لے جا ۔ تو آگے اور میں پیچھے ۔

نمبر ۵

بنانی :۔ سُن جا پُکار ۔ سُن جا پُکار ۔ بیت نہ جائے بہار ۔ آجا ایک بار

اُف اللہ یہ زندگی دو سانسوں کا کھیل

کس کو خبر ہے سانس آتا ہو کہ ہو پھر میں

کیا اعتبار ۔ سُن جا پُکار سُن جا ۔

پر اگن میں جل کے بن ہو جاؤں گی راکھ

تیری گلی میں آؤں گی اُڑ کر میری خاک

کر لینا پیار ۔ سُن جا پُکار سُن جا .....

نمبر ۶

بنانی :۔ ایک پردیسی میرا دل لے گیا ۔ جاتے جاتے میٹھا میٹھا غم دے گیا

بجن :۔ کون پردیسی تیرا دل لے گیا ۔ موٹی موٹی آنکھوں میں آنسو دے گیا

بنانی :۔ میرے پردیسیا کی یہی ہے نشانی

انکھیاں بلوری شیشے کی جوانی

ٹھنڈی آہوں کا سلام دے گیا جاتے جاتے ۔

بجن :۔ ڈھونڈ رہے ہیں لاکھوں دل والے ۔ کر دے او گوری ذرا آنکھوں میں اجالے

بنانی :۔ آنکھوں کا اُجالا پردیسی لے گیا ۔ جاتے جاتے میٹھا میٹھا غم دے گیا ۔

بجن :۔ اُس کو بلا دو سامنے لا دوں ۔ کیا مجھے دو گی جو تم سے ملا دوں ۔

بنانی :۔ جو بھی میرے پاس تھا وہ لے گیا ۔ جاتے جاتے میٹھا .....

نمبر ۷

یہ شوخ شوخ آنکھیں تجھکو بلا رہی ہیں
جب دل سے دل ملیں گے، گھڑیاں وہ آ رہی ہیں۔
اہا ہا ہا .... اوں ہوں ہوں۔ ہوں۔ ہوں۔
دل میں گدگدی سی۔ آنکھوں میں روشنی سی
میٹھی سی بیقراری۔ دھڑکن نئی نئی سی
اہا ہا۔ .... شوخ۔ شوخ ...
آواز دے رہی ہیں پلکیں جھکی جھکی سی۔
کچھ تم سے کہہ رہی ہیں سانسیں رکی رکی سی۔
اہا ہا۔ شوخ شوخ .....

آشنا نمبر ۸

بکن :۔ تم روٹھ کے مت جانا۔ مجھ سے کیا شکوہ۔ دیوانہ ہے دیوانہ
بنانی :۔ کیوں ہو گیا بیگانہ۔ تیرا میرا کیا رشتہ۔ یہ تو نے نہیں جانا۔
بکن :۔ میں لاکھ ہوں بیگانہ۔ پھر یہ تڑپ کیسی انشا تو بتا جانا۔
بنانی :۔ فرصت ہو تو آ جانا۔ اپنے ہی ہاتھوں سے میری دنیا مٹا جانا

نمبر ۹

چھرنا :۔ جا جا جا جا۔ میری چھوڑ دے کلائی۔ کلائی سیاں جا...
چھوڑ دے کلائی کلائی سیاں جا.....
مٹھو :۔ واہ، واہ، واہ۔ واہ کیسے چھوڑ دوں کلائی۔

او میری لگائی ۔ لگائی یہاں آ ۔

چھیرنا:۔ جا جا جا مجنوں سے پرائی ۔ کیسی لگائی ۔ کس کی لگائی ۔
دربار ہے یہ تجھکو بچالے ۔ بچالے سیاں آ ۔

دسماں:۔ بھیجوں گا اس کو پٹنہ کی جیل میں
تجھکو پھنساؤں گا انکھیوں کے کھیل میں
کردوں گا سگائی ۔ سگائی ۔ یہاں آ

سمفنی

بمانی:۔ بنادے ۔ بنادے ۔ بنادے پر کنجی
تو بگڑی غریب کی بنادے پر کنجی ۔

آواز:۔ ادم بنو شوائے ۔ ادم بنو شوائے

بمانی:۔ او گوری کے بھولے شنکر آئی تیرے دوار
مجھے قسم ہے پاروتی کی لٹے نہ مرا پیار ۔ بنادے ۔ بنادے بگڑی غریب کی

آواز:۔ او بگڑی بنادے ، اجمیر والے خواجہ

بمانی:۔ او اجمیر کے تاجدار ۔ میں او خواجہ چشتی
تو جیسا میرا کھویا خواجہ ۔ پھر کیوں ڈوبے کشتی ۔
بنادے ۔ بنادے ۔ بگڑی ....

آواز:۔ گھنشیام شاما ، شام شہری نند نم ۔ آنند کمت کرشن چند پدمید نم ۔

بمانی:۔ برندابن کے کرشن کنہیا ، تو کیوں ہمکو بھولا ۔

تو رادھا سنگ جھولا جھولے۔ پڑ ٹوٹ گیا میرا جھولا۔
بنالے۔ بنائے تو بگڑی۔۔

نمبر ۱۱

بنانی:۔ اور تو کوئی نہیں سہارا ۔ تو ہی ہاتھ بڑھا دے
گنگا جمنا بن کے بادل غم کی آگ بجھادے۔۔

برسو رے ہائے بیری بدروا برسو رے

دنیا والے پریت کے دشمن دل تڑپانے والے
کوئی نہیں بجھانے والا سب ہیں لگانے والے۔ برسو رے ہائے بیری۔۔
انگاروں کی ڈولی لایا جنم جنم کا ساتھی۔ موت کا گھونگھٹ ٹیک کر بھی پیا ملن کو جاتی
برسو رے ۔۔۔ (ختم شد)

پراسرار غضب کے جاسوسی ناول

جانباز جاسوس	1/4/-	ڈاکو شمشاد	1/-/-
حصہ دوئم	1/4/-	خونی شہزادہ	1/-/-
تین نقاب پوش	1/-/-	بہادر ٹارزن	1/-/-
دھلی کے عیاش	1/-/-	شہر سے شہر میں ٹارزن	1/-/-
چینی فرشتہ	1/4/-	خومینچو کا سایہ	4/-/-
جادوگر جاسوس	1/4/-	خومینچو کی بیٹی	4/-/-
جادوگر حسینہ	4/4/-	ڈاکٹر خومینچو	3/-/-
موت کا مینار	1/4/-	ڈاکٹر خومینچو کا انتقام	3/-/-
سمندری ڈاکو	1/-/-	دو لاشیں	-/12/-
باپ کا قاتل	1/-/-	خونی کھنڈر	-/12/-
خونی چھتری	1/-/-	سُراغرساں	-/12/-
تین ڈاکو	1/-/-	گردش دوراں	3/8/-
خونی نشان	1/-/-	خونی چراغ	1/8/-

چلتا پرزہ 1/8/-